علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: آٹومیکینکس (351)	کل نمبر: 200
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 80

تحریری

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	(الف) درج ذیل خالی جگہ مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ ۱۔ سکرا بر کا تعلق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اوزاروں سے ہے۔ ۲۔ بر(Bur)۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی مدد سے اتاری جاتی ہے۔ ۳۔ کرینک شافٹ کے ایک سرے پر۔۔۔۔۔۔۔لگا ہوتا ہے۔ ۴۔ پسٹن کے اوپر سے نیچے آنے یا نیچے سے اوپر جانے کے عمل کو۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔ ۵۔ انجن کا چکناؤ تیل زیادہ حرارت کے باعث اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔کھو دیتا ہے۔	(20)
	(ب) غلط اور صحیح کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ الیکٹرک فیول پمپ کے ایندھن خانے میں کسی قسم کا فلٹر نہیں لگایا جاتا۔ ص/غ ۲۔ نیڈل والو فلوٹ کے نیچے لگا ہوتا ہے۔ ص/غ ۳۔ پسٹن کی صفائی کے لیے تاروں کا برش استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ ص/غ ۴۔ بگ اینڈ جرنل کا تیل کلرنس پلاسٹی گیج سے ناپا جاتا ہے۔ ص/غ ۵۔ تھرموسٹیٹ ایک والو ہوتا ہے جو کہ انجن کو جلد ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ ص/غ	(20)
سوال نمبر۔2	(الف) گاڑی کے کولنگ سسٹم اور ان کی اقسام کو واضح کریں۔ (ب) گاڑی کے لبریکیشن سسٹم کو تفصیلاً مرحلہ وار بیان کریں۔	(20) (20)
سوال نمبر۔3	گاڑی میں کلچ کی اہمیت، بناوٹ، کام اور اقسام کو تفصیل سے بیان کریں۔	(40)
سوال نمبر۔4	ورکشاپ میں استعمال ہونے والے ضروری اوزاروں کی بناوٹ اور اہمیت، استعمال اور حفاظتی تدابیر بیان کریں۔	(40)
سوال نمبر۔5	(الف) گاڑی میں انجن کی اہمیت اور ان کی بناوٹ بیان کریں۔ (ب) گاڑی میں بریک کی اہمیت، بناوٹ، اقسام اور کام کرنے کے اصول تحریر کریں۔	(20) (20)
سوال نمبر۔6	(الف) میکانی فیول پمپ کس طرح کام کرتا ہے؟ شکل کی مدد سے سمجھائیں۔ (ب) دھوئیں سے فضائی آلودگی کو کس طرح کم کیا جاتا ہے؟ مختلف طریقوں کو شکل کی مدد سے واضح کریں	(20) (20)
سوال نمبر۔7	مختصر نوٹ لکھیں۔ ۱۔ ایئر کلینر ۲۔ کیم شافٹ ۳۔ آبی پمپ ۴۔ پریشر ۵۔ ریلیف والو	(40)
سوال نمبر۔8	(الف) اگنیشن سسٹم کے کتنے حصے ہیں؟ ان کے نام اور کام کرنے کے طریقے سمجھائیں۔ (ب) بیٹری کی بناوٹ، استطاعت، کیمیائی عمل، چارجنگ اور پڑتال کرنے کے طریقے بیان کریں۔	(20) (20)

****